اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ''یااللّٰہ میری جھولی بھردے'' کے 20 حروف کی نسبت سے ''مجلس مَدَنی بَستہ'' کے 20 مَدَنی پھول

1 ✿ فرمانِ مصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلّم ہے: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الكبير للطَبَراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے مجلسِ مَدَنی بستہ کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''72 مدنی انعامات'' میں سے ''مدنی انعام نمبر 1'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ''میں اللّٰہ عزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ''مجلس مَدَنی بستہ'' کا مَدَنی کام، مَدَنی مرکز کی طرف سے دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ۔''

2 ✿ دعوتِ اسلامی کے تمام شعبہ جات میں ''مالیات'' اہم ترین شعبہ ہے اور اس کی حیثیّت آکسیجن کی سی ہے۔ مدنی عطیات جمع کرنے کا ایک اہم ذریعہ مجلس مَدَنی بستہ بھی ہے ✿ مجلسِ مَدَنی بستہ کا کام، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مدنی بستے، ڈونیشن کاونٹر (Donation Counter)/ ڈونیشن سیل (Donation Cell) اور جھولیاں لگا کر مَدَنی عطیات جمع کرنا، ان کا حساب کتاب رکھنا، ہر آمدن و خرچ کا حساب اور مَدَنی عطیات، مالیات کو پیش کرنا ہے۔ مجلس مَدَنی بستہ کو اپنے طور پر مَدَنی عطیات خرچ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

3 ✿ مجلسِ مدنی بستہ کا ذمہ دار اسلامی بھائی رشوت، تعلقات، مُدَاهَنَت (مُدَاهَنَت کے لغوی معنی نرمی کے ہیں۔ ناجائز اور گناہ والے کام ملاحظہ کرنے کے بعد (اِسے روکنے پر قادِر ہونے کے باوجود) اِسے نہ روکنا اور دینی معاملے کی مدد و نصرت میں کمزوری و کم ہمتی کا مظاہرہ کرنا مداہنت کہلاتا ہے یا کسی بھی دُنیوی مفاد کی خاطر دینی معاملے میں نرمی یا خاموشی اختیار کرنا مُدَاهَنَت ہے)، وقف، مدّاتِ مخصوصہ کے بارے میں معلومات کیلئے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: چندہ کرنے کی شرعی احتیاطیں، چندے کے بارے میں سوال جواب، حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول، فیضانِ سنّت جلد اوّل صفحہ 539 تا صفحہ 554 ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 451 ☆ بہارِ شریعت (جلد سوم، حصہ 16، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ کراچی) ☆ نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 ☆ نصابِ مالیات ☆ مجلس مالیات کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے مدنی پھول بالخصوص مالیات مکتوب بنام ''مدنی عطیات سے متعلق احتیاطوں پر مشتمل مدنی گلدستہ (سوالاً جواباً)، نیز مزید درپیش آنے والے مسائل کے حل کیلئے ضرورتاً ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

4 ✿ مدنی بستہ مجلس کا مدنی بستہ، ڈونیشن کاونٹر (Donation Counter)/ ڈونیشن سیل (Donation Cell) سادہ میز کرسی اور موبائیل مدنی بستے کی صورت میں لگایا جاسکتا ہے جہاں پر مدنی بستہ مجلس کا مدنی بستہ لگے گا وہاں پر مندرجہ ذیل سامان ہونا چاہیے 1۔ چھتری 2۔ خصوصی مدنی عطیات بکس 3۔ پینافلیکس 4۔ مدنی بستہ مجلس حاضری رجسٹر 5۔ روزنامچہ 6۔ رسید بکس 7۔ شخصیات کوائف رجسٹر 8۔ کرسی 9۔ پانی والا کولر + گلاس 10۔ تعارف دعوت اسلامی کے پمفلٹس 11۔ مدنی رسائل 12۔ مدنی بیگ 13۔ فائل 14۔ صفائی والا کپڑا 15۔ نافلہ اور واجبہ مدنی عطیات کو الگ الگ رکھنے کے لیے چھوٹے بیگ 16۔ مدنی جھولی لگانے کے لیے کپڑا۔

نیز ڈونیشن سیل پر (کمپیوٹر، پرنٹر، تجوری، ٹیبل، پنکھا، شخصیات کے لئے کم از کم دو کُرسیاں) ہونا ضروری ہے۔ اور اگر یہ تعمیراتی پراجیکٹ پر ہے تو اس پراجیکٹ کا نقشہ Front Elevation اور تخمینہ لاگت کی فلیکس بھی لگی ہونی چاہیے اور اگر مدارس المدینہ وجامعات المدینہ کے باہر ہے تو اس کے ماہانہ اور سالانہ اخراجات کی تفصیل بھی آویزاں ہونی چاہیے۔

5 ✿ مَدَنی بستہ مجلس کے ذمہ داران کو صدقاتِ واجبہ کا از خود حیلہ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں، بلکہ صدقاتِ واجبہ کی رقم مجلسِ مالیات کو فوری طور پر جمع کروانی ہوگی۔

## 6 ✿ جہاں مَدَنی بستہ اور جھولی دونوں کی ترکیب ہو وہاں:

جھولی کے ساتھ لگے ہوئے مَدَنی بستے پر موجود اسلامی بھائی یہ اعلان کریں: ''اپنی زکوٰۃ، فطرہ اور صدقاتِ واجبہ دعوتِ اسلامی کو دیجیے اور رسید ضرور حاصل کیجیے۔''

جھولی والے اِسلامی بھائی یہ اعلان کریں: ''دعوتِ اِسلامی کے ہر نیک اور جائز کام کے لیے اپنے نفلی صدقات اس جھولی میں ڈالیں اور اپنی زکوٰۃ، فطرہ اور دیگر مَدَنی عطیات بستے پر جمع کروا کر رسید ضرور حاصل کیجیے۔''

(مدینہ! جھولی اور مدنی بستے کے درمیان اتنا فاصلہ ہو کہ دونوں کی صدائیں مکس نہ ہوں تا کہ سننے والے کو غلط فہمی نہ ہو ✿ صدقاتِ نافلہ کی جھولی کے لیے نیلے رنگ کا کپڑا اور صدقاتِ واجبہ کے لیے پیلے رنگ کا کپڑا استعمال ہوگا)

✿ فطرہ کی جھولی کے لیے اعلان: ''فطرہ نمازِ عید سے پہلے ادا کرنا افضل ہے۔ اپنا فطرانہ دعوتِ اِسلامی کو دیتے جایئے اور ثواب کے حقدار بنتے جایئے۔''

✿ مَدَنی بستے کا عمومی اعلان: ''دعوتِ اِسلامی کے ہر نیک اور جائز کام کے لیے اپنے صدقات و خیرات اور مَدَنی عطیات دعوتِ اِسلامی کو دیجیے اور رسید ضرور حاصل کیجیے۔''

7۞ اس بات کا لازمی خیال رکھیں کہ صدقاتِ واجبہ (یعنی زکوٰۃ، فطرہ، عشر، نمازوں کا فدیہ، روزوں کا فدیہ، قسم کا کفارہ وغیرہ)، صدقاتِ نافلہ (مثلاً صدقہ، ہدیہ، خیرات وغیرہ) اور مدّاتِ مخصوصہ (مثلاً جامعہ، مسجد، مدرسے وغیرہ کیلئے) الگ الگ رکھیں اور ان کا حساب بھی الگ الگ رکھیں تا کہ مذکورہ مدّات کسی صورت ملنے (Mix) نہ پائیں۔ قسم کے کفارے کی وصولی کیلئے **رسید بک کی پشت پر لگے ہوئے** فارم کو پُر کرنا ضروری ہے، ضرورتاً مزید فوٹو کاپی کروالیں اور پُر کر کے رسید کے ساتھ اچھی طرح منسلک کریں کہ آسانی سے نکل نہ سکے۔

**قسم کے کفاروں سے متعلق اپ ڈیٹ:**

قسم کے کفاروں میں صرف الفاظ کی رعایت دی گئی ہے کہ قسم کے الفاظ نہ لئے جائیں، قسم کھانے والے اور قسم سے متعلق باقی تفصیلات (نام، ولدیت، فون نمبر، ایڈریس، کتنی قسموں کا کفارہ ہے تعداد؟، کفارے کی کل رقم وغیرہ) مکمل ہی لی جائیں گی۔ البتہ کوئی شخص آپ کے پاس آئے اور کہے میں نے قسم کھائی تھی، میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ میری قسم ہوئی بھی ہے یا نہیں؟ معلوم کر کے بتادیجئے تو اب ایسی صورت میں اس سے قسم کے الفاظ سن کر لکھ لیں یا اس شخص سے ہی لکھوالیں اور صوبائی سطح پر مقرر اپنے متعلقہ شرعی رہنمائی ذمہ دار کو بھیج دیجئے، وہ شرعی رہنمائی لیکر آپ کو آگاہ کردیں گے۔

8۞ تمام ہفتہ وار اجتماعات اور مدنی مذاکروں (ہفتہ وار اور براہِ راست مدنی مذاکرہ اجتماعات) کے مقامات پر مدنی بستہ / جھولی کی ترکیب لازمی کیجئے۔

9۞ تمام مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) اور دعوت اسلامی کے تحت تمام مساجد میں، نمازِ جمعہ کے موقع پر جھولی کی ترکیب بالخصوص اور بالعموم تمام مساجدِ اہلسنت کے باہر (بستے یا جھولی کی ترکیب) کی جائے (رمضان المبارک میں تمام مساجدِ اہلسنّت کے باہر 100% ترکیب کی جائے، نمازِ تراویح اور نمازِ فجر کے بعد بھی ہو تو مدینہ مدینہ)

10۞ بڑی راتوں کے اجتماعات، ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرہ اجتماع، سنتوں بھرے اجتماعات اور خاص مواقع کے اجتماعات (اراکینِ شوریٰ و نگران زون کے بیانات کے اجتماعات) میں مدنی بستے اور جھولی کی ترکیب کی جائے نیز شبِ برأت، شبِ معراج، شبِ قدر اور عیدین کے مواقع پر قبرستان میں مدنی بستوں کا خاص اہتمام کیا جائے اور رمضان المبارک میں تمام اعتکاف کے مقامات پر روزانہ مدنی بستہ لگایا جائے۔

11۞ تمام مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ، جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ) کے باہر مستقل مدنی عطیات کا بستہ لگایا جائے اور نگرانِ زون / نگرانِ مجلس مدنی بستہ کی اجازت سے شہر کے بارونق مقامات پر بھی مستقل مدنی بستوں کی ترکیب کی جائے۔

12۞ مدنی بستے کے لیے کسی کو بھی از خود اجیر رکھنے کی اجازت نہیں۔ (اجیر رکھنے کا طریقہ کار یہ ہے کہ متعلقہ رکن زون مدنی بستہ مالیات زون و نگران، ضرورت برائے اجیر فارم پُر کروا کر دستخط کریں گے، اسکے بعد مدنی بستہ مجلس کی پالیسی کے مطابق اجیر رکھا جائے گا)

13۞ اس شعبے سے متعلقہ تنظیمی مسائل آنے کی صورت میں متعلقہ نگرانِ مجلس/ متعلقہ رکنِ شوریٰ سے فوری رابطہ کیجئے۔

14۞ **ذمہ داران کی تقرّری کی ترکیب:**

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| 1 | ذیلی حلقہ (ہر مستقل مدنی بستہ ذیلی حلقہ ہوگا) | ذیلی مدنی بستہ ذمہ دار |
| 2 | 15 تا 30 مدنی بستوں پر | مفتش |
| 3 | زون | رکنِ زون |

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| 4 | صوبہ | صوبائی ذمہ دار |
| 5 | ملک | نگرانِ مجلس |
| 6 | مرکزی مجلس شوریٰ | رُکن شوریٰ |

۞ چند بڑے شہروں میں کابینہ ذمہ دار کی ترکیب ہوگی ۞ صوبائی ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہوں گے۔ اور ان کی تقرری متعلقہ صوبے کے رکن شوریٰ کے مشورے سے ہوگی ۞ بیرونِ ملک کے ذمہ داران، نگرانِ مجلس بیرونِ ملک (رکنِ شوریٰ) کی اجازت سے اس شعبے میں کسی بھی سطح پر ذمہ دار مقرر کریں۔ ۞ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

15۞ **مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:**

| مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول | نوعیت |
|---|---|---|---|---|
| زونل نگران/ صوبائی ذمہ دار/ نگران مجلس | زون | مدنی بستہ ذمہ داران اور مفتشین | ہر ہر مدنی بستے کی موجودہ کارکردگی کی ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ | ماہانہ |
| صوبائی ذمہ دار/ نگرانِ مجلس | صوبہ | اراکینِ زون و مفتشین | // | ماہانہ |
| رکنِ شوریٰ/ نگرانِ مجلس | ملک | صوبائی ذمہ داران | // | ایک ماہ میں 2 بار (ایک بار آن لائن) |

**وضاحت**: رُکنِ شوریٰ/ نگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس (صوبائی ذمہ داران) کا ہر ماہ **مَدَنی مشورہ** فرمائیں۔

❁ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذمہ داران** کے سُنّتوں بھرے اجتماعات کے لیے اوّلاً "**اجازت نامہ**" مکمل پُر کر کے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے "**اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع**" کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کر لیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

**16﴾ کارکردگی کا نظام** : ❁ مدنی بستہ: یومیہ ❁ زون: ہر منگل ❁ صوبہ: 6 ❁ ملک: 7

**17﴾** متعلقہ نگران/نگرانِ مجلس سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**18﴾** متعلقہ رکنِ شورٰی اور نگرانِ زون کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی مَدَنی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

**19﴾** یاد رہے کہ متعلقہ رکنِ شورٰی ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں **تبدیلی** کر سکتے ہیں۔

**20﴾ ذمہ داران اپنی دُنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں، فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، کنز الایمان، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم اور مکتبۃ المدینہ کے کتب و رسائل وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ (ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے "**مدنی مذاکرے**" میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنائیے، اس کی برکت سے علمِ دِین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا نیز "مدنی انعام نمبر: 47" پر عمل کرتے ہوئے مدنی چینل کے سلسلے، اصلاحی بیانات کے ساتھ ساتھ فیضانِ مدنی مذاکرہ اور فیضانِ فرض علوم میموری کارڈ (Memory Card) سننے کا بھی سلسلہ رکھیے، اس سے بھی کثیر فرض علوم حاصل ہوں گے۔۔ ان شاء اللہ عزوجل)

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، مَدَنی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر اور محبوبِ عطار** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ مرکزی مجلسِ شورٰی، زون اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔

❁ ذِمہ داران، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شورٰی، زون، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

**مدینہ:** بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شورٰی کے مشورے و اِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم و اضافہ کر سکتے ہیں۔

## مرکزی مجلسِ شورٰی ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء** (اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۱۸ ربیع الآخر ۱٤٤۰ھ / 26 دِسمبر 2018ء